## سوال

میں دکان کرتا ہوں ۔ جس کی آمدن ماہانہ تقریباً بیس ہزار روپے ہے اوراس کے اندر تقریباً تین لاکھ روپے کی مشین از قسم فوٹوسٹیٹ وغیرہ ہے کیا مجھے اس رقم پر زکواۃ دینی ہوگی ۔

## جواب

فوٹوسٹیٹ دکان کی زکوۃ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں دکان کرتا ہوں جس کی آمدن تقریباً بیس ہزار روپے ماہانہ ہے اوراس کے اندر تقریباً تین لاکھ روپے کی مشین از قسم فوٹوسٹیٹ وغیرہ ہے کیا مجھے اس رقم پر زکوۃ دینی ہوگی ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اگر تو آپ یہ بیس ہزار روپے ہر ماہ خرچ کرلیتے ہیں اور آپ کے پاس کوئی رقم جمع نہیں ہوتی ہے تو نصاب نہ ہونے کی وجہ سے آپ کی اس رقم پر کوئی زکوۃ نہیں ہے ۔ اوراگر آپ نے اس میں سے کچھ رقم بچالی ہے جو نصاب (ساڑھے باون تولے چاندی) کو پہنچ چکی ہے تو اس پر آپ کو ایک سال گزرنے پر اڑھائی فی صد کے حساب سے زکوۃ دینا ہوگی ۔ مشین اگر آپ نے فوٹو کا پیوں اور کاروباری استعمال کے لئے رکھی ہوئی ہے تو اس مشین پر کوئی زکوۃ نہیں ہے ۔ اوراگر آپ نے اسے بطور تجارت بیچنے کے لئے رکھا ہے تو پھر اس کی قیمت پر اڑھائی فی صد کے حساب سے زکوۃ دینا ہوگی ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث